30/01/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اقتصادی جائزے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت کی تیز رفتار اصلاحات کا عمل، عالمی چیلنجوں کے باوجودصحیح راستے پر گامزن ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ مذکورہ جائزے سے بھارت کی اقتصادی بنیاد کی قوت اور نشو و نما، اختراع اور سب کی شمولیت والی ترقی کی خاطر سرکار کی مسلسل کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوننے زور دے کر کہا کہ گزشتہ برسوں میں کی گئی لگا تار اصلاحات سے معیشت کو مستحکم بنانے نیز سرمایہ کاروں، کاروباری افراد اور شہریوں میں اعتماد بڑھانے میں مدد ملی ہے۔

شہیدی دوس

آج مہاتما گاندھی کو
ا

ن کی 78 ویں برسی اور شہیدی دوس پر خراج عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ اس موقعے پر نئی دلی میں، راج گھاٹ پر واقع ± کا اہتمام کیا گیا ہے۔ Sarv Dharm Prarthana گاندھی سمادھی پر

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے راج گھاٹ جا کر مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی مہاتما گاندھی کو خراج پیش کیا اور ان کی یادگار پر پھول چڑھائے۔

ہر سال 30 جنوری کو ملک مہاتما گاندھی کی زندگی اور
ا

ن کی وراثت کو خراج تحسین پیش کرتا ہے، جو ملک کی جد وجہد آزادی میں پیش پیش تھے۔ یہ دن شہید ی دوس کے طور ± پر بھی منایا جاتا ہے، تاکہ
ا

ن سبھی مجاہدین آزادی اور شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا جا سکے،جنھوں نے بھارت کی آزادی اور اتحاد کی خاطر ± اپنی جان کا نذرانہ پیش کر دیا تھا۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بابائے قوم مہاتما گاندھی کو خراج پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ مہاتما گاندھی اور مجاہدین آزادی کی عظیم قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے انہیں نمن کرتے ہیں ۔ صوبائی کمشنر انشل گرگ نے بھی شہیدی دوس پر مہاتما گاندھی کو خراج پیش کیا ہے ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے ضلع رام بن کے برف سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے برف باری سے پیدا شدہ صورتحال اور بحالی کے کاموں کا جائزہ لیا۔انہوں نے بانہال، بٹوٹ، پتنی ٹاپ اور ملحقہ علاقوں میں سڑک رابطہ، برف ہٹانے کی کارروائی اور ضروری خدمات کی بحالی کا معائنہ کیا۔

انہوں نے بجلی، پانی، ایندھن، راشن اور طبی سہولیات کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنانے اور عوامی مشکلات کے فوری ازالے کے لئے باہمی تال میل سے کام کرنے پر زور دیا۔

جاوید احمد رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا جو راجوری ضلع کے انچارج وزیر بھی ہیں، نے ضلع کے برف باری سے متاثرہ علاقوں میں ضروری خدمات کی بحالی اور سڑکوں سے برف ہٹانے اور صفائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر وزیر نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ لوگوں کوبنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لئے اقدامات کریں ۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو اضافی افرادی قوت اور مشینری تعینات کر نے کی ہدایت دی تاکہ بحالی کے کام میں سرعت لائی جاسکے ۔میٹنگ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کی پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر اِفت حسن شاہ کے ہمراہ جی ایم سی سرینگر اور اس سے منسلک اسپتالوں میں بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈیشن اور ترقیاتی امور کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے مختلف محکموں خصوصاً صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، مریضوں کی نگہداشت بہتر کرنے اور طبی سہولیات میں اضافہ کرنے پر زور دیا ۔

جرمانہ

لیگل میٹرولوجی محکمہ نے جموں و کشمیر میں نفاذی کارروائیاں تیز کر دی ہیں، جن کے تحت آف لائن بازاروں کے ساتھ ساتھ ای کامرس اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی بھی کڑی جانچ کی جا رہی ہے۔ لیگل میٹرولوجی ایکٹ 2009 کے تحت مختلف خلاف ورزیوں پر کئی بڑی کمپنیوں پر لاکھوں روپے کے جرمانے عائد کئے گئے ہیں۔ سانبہ، کولگام اور ادھمپور اضلاع کے شعبوں سے وابستہ معروف اداروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ Hardware، صحت اور Cosmetics میں محکمہ نے واضح کیا ہے کہ صارفین کے تحفظ اور شفاف تجارتی نظام کو یقینی بنانے کے لئے ایسی کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

مقابلہ

محکمہ اطلاعات و تعلقاتِ عامہ نے 12 برس سے کم عمر طلباءکے لئے ”میرا آئین، میری شان“ کے موضوع پر یو ٹی سطح کا مضمون نویسی مقابلہ منعقد کیامقابلے میں کاویہ سنگھ نے پہلی، اننیا مہاجن نے دوسری جبکہ اروہ رفیق نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

تقریب کے دوران اعزاز Beating Retreat اوّل انعام یافتہ کاویہ سنگھ کو ایم اے اسٹیڈیم جموں میں 77 ویں یومِ جمہوریہ کی سے نوازا گیا۔اسی موقعہ پر وندے ماترم گائیکی مقابلہ 2026 کے جموں ڈویژن کے فاتحین اریشی گپتا اور نندنی ٹھاکر کو بھی اعزازات پیش کئے گئے۔تقریب میں بچوں کی صلاحیتوں اور حب الوطنی کے جذبے کو سراہا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****